مُؤْمِنُوْنَ ﴿١٢﴾ اَنّٰى لَهُمُ الذِّكْرٰى وَ قَدْ جَآءَهُمْ رَسُوْلٌ مُّبِيْنٌ ۙ﴿١٣﴾ ثُمَّ

تَوَلَّوْا عَنْهُ وَقَالُوْا مُعَلَّمٌ مَّجْنُوْنٌ ﴿١٤﴾ اِنَّا كَاشِفُوا الْعَذَابِ قَلِيْلًا اِنَّكُمْ
عَآئِدُوْنَ ﴿١٥﴾ يَوْمَ نَبْطِشُ الْبَطْشَةَ الْكُبْرٰى ۚ اِنَّا مُنْتَقِمُوْنَ ﴿١٦﴾ وَلَقَدْ
فَتَنَّا قَبْلَهُمْ قَوْمَ فِرْعَوْنَ وَجَآءَهُمْ رَسُوْلٌ كَرِيْمٌ ﴿١٧﴾ ۙ اَنْ اَدُّوْٓا اِلَيَّ
عِبَادَ اللّٰهِ ؕ اِنِّيْ لَكُمْ رَسُوْلٌ اَمِيْنٌ ﴿١٨﴾ ۙ وَّاَنْ لَّا تَعْلُوْا عَلَى اللّٰهِ ۚ اِنِّيْٓ
اٰتِيْكُمْ بِسُلْطٰنٍ مُّبِيْنٍ ﴿١٩﴾ ۚ وَاِنِّيْ عُذْتُ بِرَبِّيْ وَرَبِّكُمْ اَنْ تَرْجُمُوْنِ ﴿٢٠﴾ ۫ وَ
اِنْ لَّمْ تُؤْمِنُوْا لِيْ فَاعْتَزِلُوْنِ ﴿٢١﴾ فَدَعَا رَبَّهٗٓ اَنَّ هٰٓؤُلَآءِ قَوْمٌ مُّجْرِمُوْنَ ﴿٢٢﴾ الثلثة
فَاَسْرِ بِعِبَادِيْ لَيْلًا اِنَّكُمْ مُّتَّبَعُوْنَ ﴿٢٣﴾ ۙ وَاتْرُكِ الْبَحْرَ رَهْوًا ؕ اِنَّهُمْ
جُنْدٌ مُّغْرَقُوْنَ ﴿٢٤﴾ كَمْ تَرَكُوْا مِنْ جَنّٰتٍ وَّعُيُوْنٍ ﴿٢٥﴾ ۙ وَّزُرُوْعٍ وَّمَقَامٍ
كَرِيْمٍ ﴿٢٦﴾ ۙ وَّنَعْمَةٍ كَانُوْا فِيْهَا فٰكِهِيْنَ ﴿٢٧﴾ ۙ كَذٰلِكَ ۫ وَاَوْرَثْنٰهَا قَوْمًا
اٰخَرِيْنَ ﴿٢٨﴾ فَمَا بَكَتْ عَلَيْهِمُ السَّمَآءُ وَالْاَرْضُ وَمَا كَانُوْا مُنْظَرِيْنَ ﴿٢٩﴾ ع
وَلَقَدْ نَجَّيْنَا بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ مِنَ الْعَذَابِ الْمُهِيْنِ ﴿٣٠﴾ ۙ مِنْ فِرْعَوْنَ ؕ
اِنَّهٗ كَانَ عَالِيًا مِّنَ الْمُسْرِفِيْنَ ﴿٣١﴾ وَلَقَدِ اخْتَرْنٰهُمْ عَلٰى عِلْمٍ عَلَى
الْعٰلَمِيْنَ ﴿٣٢﴾ ۚ وَاٰتَيْنٰهُمْ مِّنَ الْاٰيٰتِ مَا فِيْهِ بَلٰٓؤٌا مُّبِيْنٌ ﴿٣٣﴾ اِنَّ هٰٓؤُلَآءِ
لَيَقُوْلُوْنَ ﴿٣٤﴾ ۙ اِنْ هِيَ اِلَّا مَوْتَتُنَا الْاُوْلٰى وَمَا نَحْنُ بِمُنْشَرِيْنَ ﴿٣٥﴾
فَاْتُوْا بِاٰبَآئِنَآ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿٣٦﴾ اَهُمْ خَيْرٌ اَمْ قَوْمُ تُبَّعٍ ۙ وَّالَّذِيْنَ

مِنْ قَبْلِهِمْ ؕ اَهْلَكْنٰهُمْ ۫ اِنَّهُمْ كَانُوْا مُجْرِمِيْنَ ﴿۳۷﴾ وَ مَا خَلَقْنَا
السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضَ وَ مَا بَيْنَهُمَا لٰعِبِيْنَ ﴿۳۸﴾ مَا خَلَقْنٰهُمَاۤ اِلَّا بِالْحَقِّ وَ
لٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۳۹﴾ اِنَّ يَوْمَ الْفَصْلِ مِيْقَاتُهُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿۴۰﴾ۙ
يَوْمَ لَا يُغْنِيْ مَوْلًى عَنْ مَّوْلًى شَيْـًٔا وَّ لَا هُمْ يُنْصَرُوْنَ ﴿۴۱﴾ۙ اِلَّا مَنْ رَّحِمَ
اللّٰهُ ؕ اِنَّهٗ هُوَ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ﴿۴۲﴾ع اِنَّ شَجَرَتَ الزَّقُّوْمِ ﴿۴۳﴾ۙ طَعَامُ
الْاَثِيْمِ ﴿۴۴﴾ۛۚ كَالْمُهْلِ ۚۛ يَغْلِيْ فِي الْبُطُوْنِ ﴿۴۵﴾ۙ كَغَلْيِ الْحَمِيْمِ ﴿۴۶﴾ خُذُوْهُ
فَاعْتِلُوْهُ اِلٰى سَوَآءِ الْجَحِيْمِ ﴿۴۷﴾ۖۗ ثُمَّ صُبُّوْا فَوْقَ رَاْسِهٖ مِنْ عَذَابِ
الْحَمِيْمِ ﴿۴۸﴾ؕ ذُقْ ۚۙ اِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِيْزُ الْكَرِيْمُ ﴿۴۹﴾ اِنَّ هٰذَا مَا كُنْتُمْ بِهٖ
تَمْتَرُوْنَ ﴿۵۰﴾ اِنَّ الْمُتَّقِيْنَ فِيْ مَقَامٍ اَمِيْنٍ ﴿۵۱﴾ۙ فِيْ جَنّٰتٍ وَّ عُيُوْنٍ ﴿۵۲﴾ۚۙ
يَّلْبَسُوْنَ مِنْ سُنْدُسٍ وَّ اِسْتَبْرَقٍ مُّتَقٰبِلِيْنَ ﴿۵۳﴾ۚۙ كَذٰلِكَ ۫ وَ زَوَّجْنٰهُمْ
بِحُوْرٍ عِيْنٍ ﴿۵۴﴾ؕ يَدْعُوْنَ فِيْهَا بِكُلِّ فَاكِهَةٍ اٰمِنِيْنَ ﴿۵۵﴾ۙ لَا يَذُوْقُوْنَ فِيْهَا
الْمَوْتَ اِلَّا الْمَوْتَةَ الْاُوْلٰى ۚ وَ وَقٰىهُمْ عَذَابَ الْجَحِيْمِ ﴿۵۶﴾ۙ فَضْلًا مِّنْ
رَّبِّكَ ؕ ذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ﴿۵۷﴾ فَاِنَّمَا يَسَّرْنٰهُ بِلِسَانِكَ لَعَلَّهُمْ
يَتَذَكَّرُوْنَ ﴿۵۸﴾ فَارْتَقِبْ اِنَّهُمْ مُّرْتَقِبُوْنَ ﴿۵۹﴾ع

شب جمعہ کے اعمال

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا جمعہ کی رات اور دن میں ۲۴ گھنٹے ہوتے ہیں ان میں کوئی ایسا وقت نہیں کہ جس میں اللہ تعالیٰ چھ سو جہنم کے قیدیوں کو آزاد نہ کرتے ہوں۔

ایک روایت میں ہے کہ جب جمعہ کی رات آتی تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم فرماتے یہ روشن اور خوشنما رات ہے۔(مجمع الزوائد ۲/ ۱۶۸، الدعاالمسنون ۷۰)

اس لئے اس رات میں نیک اعمال کی کثرت کرنا چاہئے تا کہ اس کے فوائد حاصل ہوسکیں مثلاً

(۱) سورۂ یٰسٓ پڑھنا

(۲) سورۂ دخان پڑھنا

(۳) شب جمعہ کے پانچ درود شریف

حضرت امام شافعی رحمہ اللہ کو انتقال کے بعد کسی نے خواب میں دیکھا اور مغفرت کی وجہ پوچھی تو انہوں نے فرمایا: یہ پانچ درود شریف شب جمعہ کو میں پڑھا کرتا تھا:۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَنْ صَلّٰى عَلَيْهِ ۔

وَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ مَنْ لَمْ يُصَلِّ عَلَيْهِ ۔

وَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ كَمَا اَمَرْتَ اَنْ يُّصَلِّيَ عَلَيْهِ ۔

وَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ كَمَا تُحِبُّ اَنْ يُّصَلِّيَ عَلَيْهِ ۔

وَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ كَمَا يَنْبَغِي الصَّلَاةُ عَلَيْهِ ۔

(القول البدیع ۲۵۱)

(۴) شب جمعہ کا ایک مجرب عمل قرآن کریم یاد کرنے کیلئے :

حضرت علی رضی اللہ عنہ نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں عرض کیا کہ قرآن یاد نہیں ہوتا تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا شب جمعہ میں رات کے اول، دوم، یا آخری حصہ میں چار رکعت اس طرح پڑھو کہ پہلی رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد ''سورۂ یٰسٓ'' دوسری رکعت میں ''سورۂ دخان'' تیسری رکعت میں ''سورۂ الم سجدہ'' اور چوتھی رکعت میں ''سورۂ ملک'' پڑھو اور نماز سے فارغ ہو کر خوب اللہ کی حمد وثناء کرو اور مجھ پر درود وسلام پڑھو اور پھر مندرجہ ذیل دعا تین، پانچ یا سات شب جمعہ میں ان نوافل کے بعد پڑھو ان شاء اللہ دعا ضرور قبول ہوگی اور قسم ہے اس ذات کی جس نے مجھے نبی بنا کر بھیجا کسی بھی مؤمن سے قبولیت دعا نہ چوکے گی (فضائل قرآن) وہ دعا یہ ہے:

اَللّٰهُمَّ ارْحَمْنِیْ بِتَرْكِ الْمَعَاصِیْ اَبَدًا مَّا اَبْقَیْتَنِیْ وَارْحَمْنِیْ اَنْ اَتَكَلَّفَ مَالَا یَعْنِیْنِیْ وَارْزُقْنِیْ حُسْنَ النَّظْرِ فِیْمَا یُرْضِیْكَ عَنِّیْ اَللّٰهُمَّ بَدِیْعَ السَّمٰوَاتِ وَالْاَرْضِ ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ وَالْعِزَّةِ الَّتِیْ لَا تُرَامُ اَسْئَلُكَ یَا اَللّٰهُ یَا رَحْمٰنُ بِجَلَالِكَ وَنُوْرِ وَجْهِكَ اَنْ تُلْزِمَ قَلْبِیْ حِفْظَ كِتَابِكَ كَمَا عَلَّمْتَنِیْ وَارْزُقْنِیْ اَنْ اَقْرَاَهٗ عَلَى النَّحْوِ الَّذِیْ یُرْضِیْكَ عَنِّیْ اَللّٰهُمَّ بَدِیْعَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ وَالْعِزَّةِ الَّتِیْ لَا تُرَامُ اَسْئَلُكَ یَا اَللّٰهُ یَا رَحْمٰنُ بِجَلَالِكَ وَنُوْرِ وَجْهِكَ اَنْ تُنَوِّرَ بِكِتَابِكَ بَصَرِیْ وَاَنْ تُطْلِقَ بِهٖ لِسَانِیْ وَاَنْ تُفَرِّجَ بِهٖ عَنْ قَلْبِیْ وَاَنْ تَشْرَحَ بِهٖ صَدْرِیْ وَاَنْ تَغْسِلَ بِهٖ بَدَنِیْ فَاِنَّهٗ لَا یُعِیْنُنِیْ عَلَى الْحَقِّ غَیْرُكَ وَلَا یُؤْتِیْهِ اِلَّا اَنْتَ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ ۔

(جامع الترمذی کتاب الدعوات باب فی دعا الحفظ الرقم ۳۵۷)

جمعہ کے دن کے اعمال

جمعہ کے دن فجر سے پہلے استغفار

(۱) حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو شخص جمعہ کے دن صبح کی نماز سے قبل تین مرتبہ یہ استغفار پڑھے تو اس کے گناہ خواہ سمندر کے برابر کیوں نہ ہوں معاف ہو جائیں گے۔

اَسْتَغْفِرُ اللهَ الَّذِیْ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ وَاَتُوْبُ اِلَیْهِ

جمعہ کے دن مسجد جلدی جانے کی فضیلت

حضرت علقمہ رضی اللہ عنہ ایک مرتبہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے ساتھ جمعہ کی نماز پڑھنے کے لئے تشریف لے گئے، مسجد میں پہلے سے تین آدمی موجود تھے۔ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں چوتھا ہوں اور چوتھا بھی کوئی دور نہیں یہ کہہ کر بیٹھ گئے اور آپ علیہ السلام کا ارشاد نقل فرمایا کہ قیامت کے دن لوگ اللہ رب العزت کے قریب اسی ترتیب سے بیٹھیں گے جس ترتیب سے وہ جمعہ کی نماز کے لئے مسجد میں آیا کرتے تھے۔ (ابن ماجہ، ۱۰۸۳، الجمعہ، ص ۷۴، دارالاشاعت)

جمعہ کے دن امام کے قریب بیٹھ کر خطبہ سننے کی فضیلت

حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ راوی ہیں کہ سرتاج دو عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: خطبہ کے وقت جلد حاضر ہوا کرو اور امام کے قریب بیٹھا کرو کیونکہ آدمی (بھلائیوں کی جگہ سے بلا عذر) جتنا دور ہو جاتا ہے، جنت میں داخل ہونے میں بھی پیچھے رہے گا۔ اگر چہ (بعد میں) جنت میں داخل ہو بھی جائے۔ (ابوداؤد)

تشریح: اس حدیث کے ذریعہ اس بات کی رغبت دلائی جارہی ہے کہ ہمیشہ اعلیٰ امور اختیار کئے جائیں اور ادنیٰ چیزوں پر قناعت نہ کی جائے۔

(۱) جمعہ کا دن مسلمانوں کیلئے عید ہے

حضرت عبید اللہ ابن سباق رحمۃ اللہ علیہ بطریق ارسال روایت کرتے ہیں کہ سرتاج دو عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ''اے مسلمانو کی جماعت! یہ (جمعہ کا) وہ دن ہے جسے اللہ تعالیٰ نے (مسلمانوں کی) عید قرار دیا ہے۔ لہٰذا اس دن غسل کرو اور جس شخص کو خوشبو میسر ہو اگر وہ اسے استعمال کرے تو کچھ حرج نہیں، نیز مسواک ضرور کیا کرو۔ (موطا امام مالک)

(۲) جمعہ کے دن مسجد کے دروازے پر دعا

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے نقل ہے کہ جب جمعہ کے دن آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مسجد میں داخل ہوتے تو مسجد کے دروازے پر یہ دعا پڑھتے:

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِيْ اَوْجَهَ مَنْ تَوَجَّهَ اِلَيْكَ وَاَقْرَبَ مَنْ تَقَرَّبَ اِلَيْكَ وَاَفْضَلَ مَنْ سَأَلَكَ وَرَغِبَ اِلَيْكَ۔ (الدعا المسنون ص ۳۵۷)

اے اللہ! اپنی طرف متوجہ ہونے والوں میں سب سے زیادہ متوجہ ہونے والا اور اپنے مقربین میں سب سے زیادہ تقرب والا بنا دیجئے اور سائلین اور راغبین میں مجھے سب سے افضل بنا دیجئے

(۳) جمعہ کے دن تین سورتوں کی فضیلت

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو شخص جمعہ کے بعد سورۂ اخلاص:

اٰیاتها ٤	١١٢ سُوْرَةُ الْاِخْلَاصِ مَكِّيَّةٌ ٢٢	رکوعها ١

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۚ ﴿١﴾ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۚ ﴿٢﴾ لَمْ يَلِدْ ۙ وَلَمْ يُوْلَدْ ۙ ﴿٣﴾
وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ﴿٤﴾

سات مرتبہ پڑھے

اٰیاتھا ٥ ۱۱۳ سُوْرَةُ الْفَلَقِ مَكِّيَّةٌ ۲۰ رکوعھا ۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ﴿۱﴾ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ﴿۲﴾ وَ مِنْ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا
وَقَبَ ﴿۳﴾ وَ مِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِي الْعُقَدِ ﴿۴﴾ وَ مِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ﴿۵﴾

سات مرتبہ پڑھے

اٰیاتھا ٦ ۱۱٤ سُوْرَةُ النَّاسِ مَكِّيَّةٌ ۲۱ رکوعھا ۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ﴿۱﴾ مَلِكِ النَّاسِ ﴿۲﴾ اِلٰهِ النَّاسِ ﴿۳﴾ مِنْ شَرِّ
الْوَسْوَاسِ الْخَنَّاسِ ﴿۴﴾ الَّذِيْ يُوَسْوِسُ فِيْ صُدُوْرِ النَّاسِ ﴿۵﴾
مِنَ الْجِنَّةِ وَ النَّاسِ ﴿۶﴾ سات مرتبہ پڑھے

تو اللہ تعالیٰ ایک جمعہ سے دوسرے جمعہ تک اسے مصائب اور برائیوں سے محفوظ رکھے گا۔
ایک روایت میں اس کے ساتھ سورۂ فاتحہ بھی ہے۔ (ابن السنی ۱۳۲ الدعا المسنون)

(۴) جمعہ کے دن (سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَظِيْمِ وَبِحَمْدِهٖ) پڑھنے کی فضیلت

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا جو شخص جمعہ کے بعد ایک سو مرتبہ سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَظِيْمِ وَبِحَمْدِهٖ پڑھے گا اس کے ایک لاکھ اور اس کے والدین کے چوبیس ہزار گناہ معاف ہو جائیں گے۔

(ابن سنی ۱۳۲ رقم ۳۷۹، الدعاء المسنون ۲۸۸)

(۵) جمعہ کے دن کا مجرب عمل (اَلْمُعْطِيْ هُوَ اللّٰهُ) رزق کی تنگی دور کرنے کیلئے

جو شخص چاہے کہ روزی کی تنگی دور ہو اور رزق خوب فروانی سے نصیب ہو اسے چاہئے کہ پابندی کے ساتھ جمعہ کی نماز فرض کے بعد بحالت تشہد قبلہ رخ بیٹھے بیٹھے ستر بار

توجہ کے ساتھ پڑھے۔ ''اَلْمُعْطِي هُوَ اللهُ'' اول وآخر سات سات بار درود شریف۔
(لطف اللطیف ٦٧)

(٦) جمعہ کے دن کا مجرب عمل (اللّٰھم اکفنی بحلالك) رزق کی تنگی دور کرنے کیلئے

جو شخص جمعہ کے دن ستر بار یہ دعا پڑھے تو ان شاء اللہ دو جمعہ نہ گزرنے پائیں گے کہ قرضے کی ادائیگی اور روزی میں برکت کے اثرات ظاہر ہوں گے۔

اَللّٰهُمَّ اكْفِنِيْ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ وَاَغْنِنِيْ بِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ۔

(٧) جمعہ کے دن قبولیت دعا کی گھڑی

حضرت ابوھریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ بیشک جمعہ کے دن ایک ایسی گھڑی ہے کہ جو مسلمان اسے پالے اور اللہ سے اس میں کوئی بھلائی مانگے تو اللہ اسے وہ چیز ضرور عطا کرتے ہیں فرماتے ہیں کہ وہ ایک مختصر سی گھڑی ہے۔(مسلم ١٤٠٨)

وہ کون سی گھڑی ہے علماء نے فرمایا کہ وہ (١) جمعہ کے دونوں خطبوں کے درمیان کا وقت ہے اس وقت میں دل ہی دل میں بغیر ہاتھ اٹھائے دعا مانگ لے (٢) جمعے کے دن عصر کے بعد کا وقت ہے۔

اس لئے ان دونوں اوقات میں اللہ سے خوب دعائیں مانگنی چاہئیں۔

(٨) جمعہ کے دن کے مختلف درود شریف اور ان کی کثرت کی فضیلت

(١) حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا جمعہ کے دن کثرت سے مجھ پر درود بھیجو، جو ایک مرتبہ درود بھیجے گا اللہ پاک اس پر دس رحمتیں نازل فرمائیں گے۔(القول البدیع ١١٠، الدعا المسنون ٢٨٨)

(٢) حضرت علی رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ جو شخص جمعہ کے دن سو مرتبہ درود پڑھے گا وہ قیامت میں اس قدر نور کے ساتھ آئے گا کہ اس کا نور تمام مخلوق میں تقسیم کردیا جائے تو کافی ہوجائے۔ (القول البدیع ١١٩)

(٣) ایک روایت میں ہے کہ جو شخص جمعہ کے دن مجھ پر سو مرتبہ درود پڑھے گا اللہ پاک اس کے اسّی سال کے گناہ معاف فرمادیں گے۔

(۴) حضرت ابوھریرہ رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ جو شخص جمعہ کے دن عصر کی نماز کے بعد اپنی جگہ بیٹھے بیٹھے یہ درود شریف اسّی مرتبہ پڑھ لے تو اس کے اسّی سال کے گناہ معاف ہوں گے اور اسّی سال کی عبادت کا ثواب لکھا جائے گا۔

(القول البدیع ۱۱۹ الدعا المسنون ۲۲۸)

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِنِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَسَلِّمْ تَسْلِیْماً

(۵) حضرت سہل بن عبداللہ رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ جو شخص جمعہ کے دن عصر کی نماز کے بعد یہ درود شریف اسّی مرتبہ پڑھ لے تو اس کے اسّی سال کے گناہ معاف ہوں گے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِنِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَسَلِّمْ

ان دونوں روایتوں سے معلوم ہوا کہ عصر کے بعد اس درود شریف کا اپنی جگہ بیٹھ کر پڑھنا افضل ہے لیکن اگر کسی سے چھوٹ جائے اور وہ اپنی جگہ سے اٹھ بھی جائے لیکن پڑھ لے تو بھی اس کو ثواب ان شاء اللہ مل جائے گا۔ (القول البدیع ۱۱۹ الدعا المسنون ۲۲۸)

(٦) ابن عبدالملکی رحمہ اللہ نے بیان کیا کہ میں نے ابوالفضل القومانی رحمہ اللہ سے سنا کہ خراسان سے ایک شخص آیا اس نے کہا کہ میں نے خواب میں رسول پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زیارت کی اس وقت میں مسجد نبوی میں تھا آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا جب تم ہمدان جاؤ تو ابو الفضل بن زیرک کو میرا سلام پہنچا دینا میں نے پوچھا: اے اللہ کے رسول! یہ کس وجہ سے؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: وہ ہر جمعہ کو مجھ پر سو مرتبہ یا اس سے زائد یہ درود پڑھتا ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِنِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ جَزَی اللہُ مُحَمَّدًا صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ عَنَّا مَاھُوَ اَھْلُہٗ۔

(۷) ایک حدیث میں نقل کیا گیا کہ جو شخص سات جمعوں تک ہر جمعہ کو سات مرتبہ اس درود کو پڑھے اس کے لئے میری شفاعت واجب ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی آلِ مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً تَکُوْنُ لَکَ رِضًی

وَّلِحَقِّهٖ اَدَاءً وَاَعْطِهِ الْوَسِيْلَةَ وَالْمَقَامَ الْمَحْمُوْدَ نِ الَّذِیْ وَعَدْتَّهٗ وَاجْزِهٖ عَنَّا مَاهُوَاَهْلُهٗ وَ اجْزِهٖ عَنَّا مِنْ اَفْضَلِ مَاجَزَيْتَ نَبِيًّاعَنْ اُمَّتِهٖ وَصَلِّ عَلٰى جَمِيْعِ اِخْوَانِهٖ مِنَ النَّبِيِّيْنَ وَالصَّالِحِيْنَ يَااَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ۔

(فضائل درود شریف ۸۷ دوسری فصل خاص خاص درود شریف کے خاص فضائل)

(۸) ☆ حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا جو جمعہ کے دن ایک ہزار مرتبہ درود پڑھے گا وہ جب تک دنیا میں اپنا ٹھکانہ جنت میں نہ دیکھ لے گا، اس وقت تک اسے موت نہ آئے گی۔

☆ حضرت ابن مسعود رضی اللہ سے مروی ہے کہ انہوں نے زید بن وہب رحمہ اللہ سے کہا: دیکھو جمعہ کے دن ایک ہزار مرتبہ درود پڑھنے کو نہ چھوڑنا، یہ درود پڑھا کرو۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدِنِ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ

(الدعا المسنون ٦٧٠)

پہلی روایت میں کسی خاص درود شریف کی قید نہیں ہے اس لئے بہتر تو یہ ہے کہ مندرجہ بالا درود شریف ہی پڑھا جائے لیکن اگر کوئی سا بھی درود پڑھنے کا اہتمام کرلے تو امید ہے وہ بھی اس فضیلت سے محروم نہیں رہے گا۔

صلوٰۃ التسبیح

سُبْحَانَ اللهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَآ اِلٰهَ اِلَّا اللهُ وَاللهُ اَكْبَرُ

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایک مرتبہ اپنے چچا حضرت عباس رضی اللہ عنہ سے فرمایا: اے عباس! میرے چچا کیا میں آپ کو ایک عطیہ کروں؟ ایک بخشش کروں؟ ایک چیز بتاؤں؟ آپ کو دس چیزوں کا مالک بناؤں؟ جب آپ اس کام کو کریں گے تو حق تعالیٰ شانہ آپ کے سب گناہ پہلے اور پرانے اور نئے، غلطی سے کئے ہوئے اور جان بوجھ کر کئے ہوئے، چھوٹے اور بڑے، چھپ کر کئے ہوئے اور کھلم کھلا کئے ہوئے، سب ہی معاف فرمادیں گے وہ کام یہ ہے کہ:

طریقہ صلوۃ التسبیح:

چار رکعت نفل (صلوۃ التسبیح کی نیت سے) پڑھیے اور ہر رکعت میں جب الحمد للہ اور سورۃ پڑھ چکیں تو رکوع سے پہلے یہ دعا سُبْحَانَ اللهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَآ اِلٰهَ اِلَّا اللهُ وَاللهُ اَكْبَرُ پندرہ مرتبہ پڑھیں پھر جب رکوع کریں تو ''سُبْحَانَ رَبِّيَ الْعَظِيْمِ'' پڑھنے کے بعد دس مرتبہ رکوع میں پڑھیں، پھر جب رکوع سے اٹھیں تو دس مرتبہ قومہ میں پڑھیں پھر جب سجدے میں جائیں تو ''سُبْحَانَ رَبِّيَ الْاَعْلٰى'' پڑھنے کے بعد دس مرتبہ سجدے میں پڑھیں پھر جب سجدے سے اٹھ کر بیٹھیں تو دس مرتبہ جلسے میں پڑھیں، پھر دوسرا سجدہ کریں تو دس مرتبہ سجدے میں ''سُبْحَانَ رَبِّيَ الْاَعْلٰى'' پڑھنے کے بعد پڑھیں پھر جب دوسرے سجدے سے اٹھیں تو دوسری رکعت میں کھڑے ہونے سے پہلے دس مرتبہ اس میں پڑھیں یہ ایک رکعت میں پچھتر مرتبہ ہوا اسی طرح ہر رکعت میں پچھتر مرتبہ پڑھا جائے گا۔ اگر ممکن ہو سکے تو روزآنہ ایک مرتبہ اس نماز کو پڑھ لیا کریں۔ یہ نہ ہو سکے تو ہر جمعہ کو ایک مرتبہ پڑھ لیا کریں۔ یہ بھی نہ ہو سکے تو مہینے میں ایک مرتبہ پڑھ لیا کریں۔ یہ بھی نہ ہو سکے تو سال میں ایک مرتبہ پڑھ لیا کریں یہ بھی نہ ہو سکے تو عمر بھر میں ایک مرتبہ تو پڑھ ہی لیں۔ (ابوداؤد فی باب صلوۃ التسبیح ۱/ ۱۸۳)

اس نماز کا ایک طریقہ یہ بھی احادیث میں منقول ہے کہ ثناء یعنی سبحانك اللّٰھم پڑھنے کے بعد اور تلاوت شروع کرنے سے پہلے پندرہ دفعہ یہ تسبیح پڑھ لیں اور پھر تلاوت کے بعد رکوع میں جانے سے پہلے دس مرتبہ پڑھ لیں باقی پوری ترتیب اسی طرح ہے۔ اس کا فائدہ یہ ہے کہ دوسرے سجدے کے بعد بیٹھ کر تسبیح پڑھنے کی ضرورت نہیں رہے گی۔

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما اور حضرت ڈاکٹر عبدالحی عارفی رحمہ اللہ اور دیگر بہت سے مشائخ کا معمول جمعہ کے دن صلوۃ التسبیح پڑھنے کا تھا۔ اس لئے کوشش کرنا چاہئے کہ جمعہ کے دن جمعہ کی نماز سے پہلے یا بعد میں اس نماز کو ادا کر لیا جائے۔

صلوۃ التسبیح کے لئے بعض احادیث میں ایک دعا التحیات کے بعد اور سلام سے پہلے پڑھنا منقول ہے جو صاحب اس دعا کو پڑھنے کا ارادہ کریں تو وہ دعاؤں کی کتاب ''الحزب الاعظم'' کی بدھ کی منزل دعا نمبر ۴۰ کو یاد کر لیں اور اس کو پڑھ لیا کریں۔

چھوٹی صلوٰۃ التسبیح:

صلوۃ التسبیح مشہور تو یہی ہے جس کی تفصیل اوپر لکھی گئی ہے بعض احادیث میں ایک اور صورت بھی منقول ہے جو دینی اور دنیاوی مقاصد کے پورا ہونے کے لئے مجرب ہے اور مشائخ نے اس کا نام چھوٹی صلوۃ التسبیح رکھا ہے اس کی صورت یہ ہے:

حضرت ام سلیم رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان کو چند کلمات سکھائے جن کو نماز کے اندر پڑھ لیں تو جو دعا مانگیں گی وہ قبول ہوگی وہ کلمات یہ ہیں ''سُبْحَانَ اللهِ'' دس مرتبہ ''اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ'' دس مرتبہ ''اَللّٰهُ اَكْبَرُ'' دس دس مرتبہ پڑھ لیا جائے۔

(ترمذی کتاب الوتر، باب صلوۃ التسبیح: ۱/ ۱۰۹)

اس مختصر صلوۃ التسبیح میں دس مرتبہ جن کلمات کو پڑھنے کا ذکر ہے نماز کے اندر ان کی کوئی خاص جگہ حدیث شریف میں مقرر نہیں ہے اور علماء نے بھی کسی خاص مقام کو مخصوص نہیں کیا اس لئے نماز کے جس رکن میں چاہیں ان کو پڑھ لیں یا التحیات کے بعد پڑھ لیں۔

(خلاصہ از نجات المسلمین مفتی محمد شفیع صاحب رحمہ اللہ)

جو لوگ بڑی صلوۃ التسبیح پڑھنے کی طاقت نہیں رکھتے ان کے لئے یہ بہت بڑی نعمت ہے کہ اس کو آسانی اور کم وقت میں پڑھا جا سکتا ہے اور پھر اپنی مغفرت و بخشش کی اور دیگر اچھے مقاصد میں کامیابی کی دعا مانگ سکتے ہیں لہذا اس کو کم از کم جمعہ کے دن تو اپنا معمول بنا ہی لیا جائے۔

❋❋❋

جامع مسجد اسلامیہ کا تعارف

☆ نام مسجد: جامع مسجد اسلامیہ ☆ پتہ: بطحہ ٹاؤن بلاک N نارتھ ناظم آباد کراچی

☆ کل رقبہ: تقریباً 600 گز ☆ نمازیوں کی تعداد: تقریباً 1000

☆ سنگ بنیاد:۔ بدست مبارک مفتی اعظم پاکستان مفتی ولی حسن ٹونکی صاحب رحمہ اللہ

☆ محل وقوع:۔ وسط شہر یعنی فیڈرل بی ایریا اور نارتھ ناظم آباد کے بالکل سنگم پر لب سڑک واقع ہے اور ایسا شاندار محل وقوع کسی اور مسجد کو قرب وجوار میں حاصل نہیں ☆ سن تاسیس:۔ 1988ء یعنی تقریباً 30 سال پہلے

جامع مسجد اسلامیہ کی موجودہ حالت

مسجد کی عمارت اب کافی خستہ ہو چکی ہے مرور زمانہ کے ساتھ ساتھ مین سڑک سے بھی دو فٹ نیچے ہو گئی ہے جس کی وجہ سے گٹر کا پانی اور بارش کا پانی دونوں ہی نمازیوں کے لئے بعض اوقات مشکلات پیدا کرتے ہیں اس کے علاوہ نمازیوں کی بڑھتی ہوئی تعداد کی وجہ سے مسجد کی موجودہ عمارت بھی نمازیوں کے لئے تنگ ہو جاتی ہے۔ اور مسجد اسلامیہ میں ہی قائم مدرسہ مفتاح العلوم میں بڑھتی ہوئی طلباء طالبات کی تعداد بھی مسجد کی تنگ دامنی کی شکایت کرتی ہے۔

صدقہ جاریہ کا بہترین مصرف

مسجد کے ارد گرد غریب طبقہ کی آبادی ہونے کی وجہ سے مسجد انتظامیہ اور اہل محلّہ اتنا فنڈ نہیں رکھتے کہ مسجد کی تعمیر نو یا تزئین نو کر سکیں۔ اس لئے ہماری خواہش ہے کہ اس کار خیر میں آپ خود بھی حصہ ملائیں اور اپنے احباب کو بھی اصرار کے ساتھ متوجہ کریں تا کہ قیامت تک نماز پڑھنے والوں کی دعائیں ملتی رہیں۔ اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشاد کے مطابق "جس نے اللہ کے لئے مسجد کی تعمیر کی اللہ تبارک وتعالیٰ اس کا جنت میں گھر بنائیں گے" آپ کا گھر بھی جنت میں بن جائے۔ امید ہے آپ اس کار خیر میں بھر پور حصہ ملائیں گے۔

تعاون کیلئے رابطہ کریں

مفتی ثناء الرحمٰن:۔ 0333-2173256 جناب حنیف صاحب:۔ 0301-2598322

جامع مسجد اسلامیہ میں ہونے والے بیانات کی ترتیب

★ اصلاحی بیان بروز جمعۃ المبارک 1:10

★ اصلاحی بیان بروز جمعرات بعد نماز عشاء

★ درس قرآن مع مجلس ذکر بروز اتوار بعد نماز ظہر

★ مختصر درس حدیث ہر روز بعد نماز عصر و فجر (دعا سے پہلے)

بیان آپ کے مسائل اور ان کا حل بدھ بعد نماز مغرب

★ ختم یٰس شریف ہر جمعۃ المبارک بعد نماز فجر

★ مجلس درود شریف ہر اسلامی مہینے کا پہلا جمعۃ المبارک بعد نماز جمعہ

مدرسہ مفتاح العلوم

علوم نبویہ کی ترویج واشاعت واخلاقی تربیت کا مستند ادارہ

بیادگار:۔ شہید اسلام مولانا محمد یوسف صاحب لدھیانوی نور اللہ مرقدہٗ
ناصح الامت حضرت مولانا ابرار الحق کلیانوی نور اللہ مرقدہٗ

سرپرست اعلیٰ: سعید الملت حضرت مفتی سعید احمد صاحب اوکاڑوی مدظلہٗ بانی ومہتمم:۔ مفتی ثناء الرحمٰن صاحب مدظلہٗ

شعبہ جات

شعبہ حفظ: (بچوں اور بچیوں کیلئے) مع ایک گھنٹہ عصری تعلیم

شعبہ ناظرہ: (اسکول میں پڑھنے والے بچوں اور بچیوں کیلئے)

شعبہ تعلیم بالغان: (مصروف حضرات کیلئے مختصر دورانیہ کے مختلف کورسز)

شعبہ اصلاح احوال: اصلاح نفس کیلئے علماء ومشائخ کے بیانات، مجالس ذکر درود شریف کا اہتمام

شعبہ نشرواشاعت: ماہنامہ فلاح دارین (پرنٹ میڈیا کے ذریعے گھر گھر دین کی بات پہنچانے کی کوشش)

دارالافتاء: عوام کی دینی رہنمائی کیلئے

اہم خصوصیات وسہولیات

☆ حفظ کے ساتھ ساتھ استعداد کے مطابق عصری تعلیم ☆ مشفق اور محنتی اساتذہ کرام ☆ تعلیم کے ساتھ ساتھ اخلاق وکردار کی تربیت کیلئے ہر روز بزرگوں کی کتب سے تعلیم ☆ روزمرہ کے آداب ومسنون دعاؤں کا اہتمام ☆ تعلیم اور نظام کی بہتری کیلئے ماہرین سے مشاورت ☆ ہائی پاور جنریٹر اور ٹھنڈے پانی کا الیکٹرک کولر ☆ ہفتے میں ایک دن دوپہر کے کھانے کا مدرسے کی طرف سے انتظام ☆ ٹرانسپورٹ کی سہولت

تمام شعبہ جات میں تعلیم کی باقاعدہ کوئی فیس نہیں

اخراجات اور ضروریات

ماہانہ اخراجات	۳۰۰۰۰۰ (تین لاکھ)
سالانہ اخراجات	۳۶۰۰۰۰۰ (چھتیس لاکھ)

مدرسہ مفتاح العلوم میں پڑھنے والے اکثر طلباء وطالبات اپنے اخراجات خود برداشت نہیں کر سکتے ادارہ اپنے معاونین اور مخلصین کے تعاون سے ایسے طلباء وطالبات کی پڑھائی میں حتیٰ المقدور تعاون کی کوشش کرتا ہے۔

درس نظامی

درجہ اعدادیہ ، اولیٰ اور ثانیہ تک کے درجات

﴿طلباء، اساتذہ اور دیگر عملہ﴾

۱	طلباء وطالبات کی تعداد (تقریباً)	۳۰۰
۲	اساتذہ کرام	۱۶
۳	دیگر عملہ	۰۳

﴿اس بہترین صدقہ جاریہ میں تعاون کا آسان طریقہ﴾

ذیل میں ایک طالب علم پر آنے والے اوسط ماہانہ اخراجات کی تفصیل دی جارہی ہے۔ماہانہ کسی ایک طالب علم کا خرچہ اٹھا کر یا اپنے ﴿عطیات، صدقات، زکوۃ و چرم قربانی﴾ کے ذریعے صدقہ جاریہ میں حصہ ملائیں۔

۱	شعبہ حفظ	۱۵۰۰
۲	شعبہ قاعدہ	۱۲۰۰
۳	شعبہ ناظرہ	۸۰۰
۴	شعبہ عصری علوم	۱۵۰۰
۵	شعبہ نشر واشاعت	۱۰۰۰
۶	مختلف شارٹ کورسز	۱۵۰۰

﴿تعاون کے طریقے﴾

بذریعہ رسید

★ مدرسہ مفتاح العلوم کے تعلیمی اوقات میں (صبح ۸تا۵) ★ جامع مسجد اسلامیہ میں نماز کے اوقات میں

بذریعہ اکاؤنٹ

بنام: Madrasah miftah ul uloom

البرکہ اسلامک بینک فیڈرل۔بی۔ایریا برانچ اکاؤنٹ نمبر: 0123-198798-016

دارالافتاء

الحمدللہ مدرسہ مفتاح العلوم میں دارالافتاء بھی قائم ہےاوراب تک یہاں سے سینکڑوں فتاوے جاری ہوچکے ہیں ۔

آپ بھی پوچھیئے

اگرآپ کوبھی کوئی شرعی مسئلہ دریافت کرنا ہےتو آپ مندرجہ ذیل شرائط کے ساتھ پوچھ سکتے ہیں

۱) سوال بڑے کاغذ پرصاف اورواضح لکھیں اورآخر میں نام، پتہ،فون نمبرضرورلکھیں۔

۲) سوال مختصراورجامع تحریرکریں اورغیرضروری تفصیل نہ لکھیں، نیزفرضی اورفضول سوالات سے گریزکریں۔

۳) ایک سوال نامہ میں تین سے زیادہ سولات نہ لکھیں اگرزیادہ سوالات ہوں توہرسوال نامہ میں تین تین سوال لکھیں اورہرایک پراپنانام پتہ اورفون نمبرضروردرج کریں۔

۴) سوالات کے درمیان جواب کیلیئے جگہ ہرگزنہ چھوڑیں بلکہ تمام سوالات مسلسل لکھیں۔

۵) جواب کے لئے سوال کی نوعیت دیکھ کرآٹھ سے دس دن تک کی تاریخ دی جاتی ہے تحقیق طلب مسائل کیلیئے اس سے زیادہ وقت بھی لگ سکتا ہے۔

۶) ڈاک سے جواب حاصل کرنے والے حضرات مکمل پتہ تحریرکرکے جوابی لفافہ پرٹکٹ چسپاں کرکے بھیجیں۔

۷) جواب وصول کرنے کیلیئے آنے سے پہلے احتیاطاًفون کرکے معلوم کرلیں تاکہ جواب تیارنہ ہونے کی صورت میں آپ کوزحمت نہ ہو۔

اوقات کارفتوئ طلب کرنے کیلیئے:۔ صبح ۸تا۴ بجے تک(علاوہ جمعۃالمبارک اوراتوار)

رابطہ:۔ 0323-2024082 0333-2173256

بسم اللہ

ماشاء اللہ اللہ کی توفیق سے ہی نیک اعمال انجام پاتے ہیں۔
سن شعور سے فکرمند رہا کہ آخرت کے لئے کچھ تو نیکی جمع
کر لوں کر اپنے گرد بے شمار افراد و اداروں کے کاموں کا
اعتبار دیکھا۔ فکر کے اثرات دیکھے۔ لیکن سچی ہو تو نیک اعمال
آبشار کی طرح برستے ہیں۔ چشمے پھوٹ پڑتے ہیں۔ ادارہ
ھٰذا کے مختلف شعبوں میں کام قابل تحسین ہیں۔ دعا ہے
کہ اللہ تعالیٰ ان کے کاموں میں برکت عطا فرمائے اور تمام
معاونین اور معاونین کو جزائے خیر سے نوازے اور ان
سال بھر کے ہر دن ہر وقت کی ضرورت پوری ہونے والی
امور قبول فرمائے۔ آمین وما توفیقی الا باللہ

محمد ازہر حسن الشمسی

اے میرے پروردگار! ان پر ویسا ہی رحم کر جیسا انہوں نے میرے بچپن میں میری پرورش کی ہے۔۔۔آمین

والد محترم کے تاثرات کا عکس (ہمایوں صدیقی)

دعوتِ خیر

قال رسول اللہ ﷺ

"بلّغوا عنّي ولو آية" پہنچاؤ میری بات کو اگرچہ وہ ایک آیت ہو (بخاری، مشکوٰۃ)

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ المکتبۃ الحجازیۃ للدعوۃ کے تحت اس حدیث شریف پر عمل کی نیت سے محفوظ حقوق سے مبرا کتب کی غیر تجارتی بنیادوں پر اشاعت وتقسیم کا سلسلہ جاری ہے الحمد للہ اب تک:-

☆ نورانی قاعدہ ☆ آسان نماز ☆ خلاصہ مضامین قرآن کریم ☆ اقرأ وارتق

☆ عشرۃ المبارک کے مسنون ومجرب اعمال ہزاروں کی تعداد میں "وقف للہ تعالیٰ"

"Gift not for sale" کی بنیاد پر تقسیم کی جا چکی ہیں۔ الحمد للہ علی ذلک

خدمت قرآن میں معاونت کی غرض سے ☆ عم (۳۰) ☆ سہ پارے (۲۸، ۲۹، ۳۰) ☆ پنج پارے (۲۶ تا ۳۰) کی ترتیب زیر غور ہے۔ اللہ آسان کرے اور قبول فرمائے۔

یہ تمام خدمات محض اللہ رب العزت کے فضل وکرم سے تکمیل کو پہنچی ہیں۔ اللہ رب العزت تمام معاونین کو بہترین جزائے خیر نصیب فرمائے آمین۔

ہماری خواہش ہے کہ اس کار خیر میں آپ کا بھی حصہ شامل ہو جائے یقیناً یہ عمل آپ، آپ کے والدین، بچوں اور مرحوم عزیزوں کی طرف سے بہترین صدقہ جاریہ ہوگا اور آپ کے لئے باعث اجر وثواب بھی ہوگا۔

الساعی الی الخیر

محمد ہمایوں صدیقی

الشیخ محمد عبد اللہ الحجازی



almaktabatu hejazya المکتبۃ الحجازیۃ للدعوۃ

+92-321-2200507 | hejazy.org@gmail.com

مکتبہ دار الخلیل کی دیگر مطبوعات









